فوری ریلیز کے لیے: 13/6/2024 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے نیویارک کے ایمرجنگ ٹیکنالوجی ایڈوائزری بورڈ (EMERGING TECHNOLOGY ADVISORY BOARD) کے بانی ممبران کا اعلان کر دیا

IBM اور گرلز ہو کوڈ (Girls Who Code) کے CEOs مشیران کے غیرجانبدار گروپ کی سربراہی کریں گے تاکہ نیو یارک کے اختراعی مرکز میں تبدیل ہو جانے کی خبر کو عام کر سکیں اور اس عمل میں تیزی لا سکیں

ممبران میں مصنوعی ذہانت، جدید مینوفیکچرنگ، فنانس، بائیوٹیکنالوجی اور دیگر صنعتوں کے سرکردہ رہنما اور ایکویٹی اور افرادی قوت پر توجہ مرکوز کرنے والی عالمیشہرت یافتہ بغیر منافع کام کرنے والی تنظیموں کے رہنما شامل ہیں

یہ ریاست نیو یارک میں اختراعی صنعتوں کو فروغ دینے اور نیویارک کو ذمہ دارانہ AI کا دارالحکومت بنانے والے گورنر کے عزم مصمم کی ایک کڑی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج نئے ایمرجنگ ٹیکنالوجی ایڈوائزری بورڈ کے ممبران کا اعلان کیا جو صنعت کے سرکردہ قائدین کا ایک خود مختار گروپ ہے اور جسے ریاست نیو یارک میں ابھرتے ہوئے ابھرتے ہوئے ٹیکنالوجی ایکو سسٹم کی راہ اور منزل متیعن کرنے کا کام سونپا گیا ہے۔ یہ ایڈوائزری بورڈ، جسکے شریک صدر IBM کے چیف ایگزیکٹو آفیسر Arvind Krishna اور Girls Who Code کی چیف ایگزیکٹو آفیسر Dr. Tarika Barrett ہیں، وہ نیویارک کو ذمہ دارانہ ڈویلپمنٹ اور AI اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے استعمال کا دارالحکومت بنانے کے گورنر کے عزم کو مزید آگے بڑھانے میں مدد دے گا۔ یہ بورڈ نیو یارک کی فکر اور تجربے کے تنوع کی بھی عکاسی کر رہا ہے جس میں کمپنیوں کے سرکردہ رہنما، تحقیق کے علمبردار، بغیر منافع کام کرنے والی تنظیموں کے رہنما، اور ایسے صنعتی ماہرین شامل ہیں جو ریاست میں ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے مستقبل کو فعال طور پر تشکیل دے رہے ہیں۔

"نیو یارک ایک ایسے مقام کے طور پر اپنی عالمی شہرت قائم کر رہا ہے جہاں کاروبار ترقی کرنے، اختراعات کرنے، اور مستقبل کی ٹیکنالوجیز تخلیق کرنے کی ابتدا کرتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "Arvind اور Dr. Barrett کی دانشمندانہ قیادت میں یہ ابھرتا ہوا ٹیکنالوجی ایڈوائزری بورڈ ہمیں اس رفتار سے فائدہ اٹھانے اور مصنوعی ذہانت، سیمی کنڈکٹرز اور دیگر تیزی سے ترقی کرنے والے شعبوں سے چلنے والی ایک جدید اور جامع معیشت کی تعمیر میں مدد دے گا جس سے نیو یارک باسیوں کے لئے لاتعداد نئے مواقع پیدا ہوں گے۔"

IBM کے چیئرمین اور سی ای او Arvind Krishna نے کہا، "مجھے Dr. Tarika Barrett کے ساتھ اس نئے اعلان کردہ نیویارک ایمرجنگ ٹیکنالوجی ایڈوائزری بورڈ (New York Emerging Technology Advisory Board) کی شریک سربراہی کا اعزاز دیے جانے پرفخر ہے۔ قائدین کا یہ گروپ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دے گا کہ نیویارک جدید ترین ٹیکنالوجیز کے عالمی مرکز کے طور پر ترقی کرتا رہے، بشمول سیمی کنڈکٹرز، AI، اور کوانٹم کمپیوٹنگ۔ ہم اس گروپ کا اجلاس بلانے اور نیویارک اور ہماری کمیونٹیز کے مستقبل کو تشکیل دینے میں قیادت کا کردار ادا کرنے کے لیے گورنر Hochul کے شکر گزار ہیں۔"

Girls Who Code کی سی ای او Dr. Tarika Barrett نے کہا، "اب جبکہ کا انتظار ہے کیونکہ ہم نیو یارک کو تکنیکی ترقی کے ایک شاندار دور میں لے جا رہے ہیں، تو مجھے ابھرتے ہوئے ٹیکنالوجی ایڈوائزری بورڈ کے نئے ممبران کا خیر مقدم کرنے میں Arvind Krishna کرشنا کے ساتھ شامل ہونے اور ان کے ساتھ مل کر کام کرنے پر بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ ان کا زبردست تجربہ اور ترقی کا جذبہ ہماری بدلتی ہوئی افرادی قوت کے فوری نوعیت والے مسائل کو حل کرنے کے لیے انتہائی اہم ثابت ہوگا۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ نیویارک ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کی اگلی نسل میں ایک رہنما بن کر داخل ہو، تو ہمیں اپنی متنوع کمیونٹیز میں ابھی سے سرمایہ کاری کرنی ہوگی اور یہ امر یقینی بنانا ہوگا کہ وہ مستقبل کی ملازمتوں پرکام کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہوں۔"

ایمرجنگ ٹیکنالوجی ایڈوائزری بورڈ میں مندرجہ ذیل ممبران شامل ہیں:

1. **Dr. Tarika Barrett (شریک چیئر)** اور Girls Who Codeکی سی ای او
2. **Arvind Krishna (شریک چیئر) اور** IBM کے سی ای او اور چیئرمین
3. **Albert Bourla**، جو Pfizer کے سی ای او ہیں
4. **Richard Buery**، جو Robin Hood کے سی ای او ہیں
5. **Bertina Ceccarelli**، جو Npower کی سی ای او ہیں
6. **Somak Chattopadhyay**، جو Armory Square Venturesکے منیجنگ پارٹنر ہیں
7. **Mario Cilento**، جو ریاست نیو یارک کی AFL-CIO کے صدر ہیں
8. **Dev Ittycheria**، جو MongoDB کے سی ای او ہیں
9. **Joanna Geraghty**، جو JetBlue کی سی ای او ہیں
10. **Lyndie Hice-Dunton**، جو National Offshore Wind Research & Development Consortium کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہیں
11. **René F. Jones**، جو M&T Bank کے سی ای او ہیں
12. **Lynn Martin**، جو The New York Stock Exchange کے صدر ہیں
13. **Sanjay Mehrotra**، جو Micron کے سی ای او ہیں
14. **Aparna Pappu**، جو Workspace, Google کے نائب صدر اور جنرل منیجر ہیں
15. **Julie Samuels**، جو Tech:NYC کی صدر اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہیں
16. **Lisa Sobierajski Avila**، جو Kitware کی سی ای او ہیں
17. **Pat Wang**، جو Healthfirst کے سی ای او ہیں
18. **Darren Walker**، جو Ford Foundation کے صدر ہیں

ایمرجنگ ٹیکنالوجی ایڈوائزری بورڈ ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے کئی اہم شعبوں میں سفارشات فراہم کرنے پر اپنی توجہ مرکوز کرے گا۔ پہلے چھ ماہ کے دوران AI پر توجہ مرکوز رکھی جائے گی بشمول ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کے پھلنے پھولنے کی حمایت کرنے والا ماحولیاتی نظام یقینی بنانا؛ بڑے پیمانے پر کھلے ذہن والی، قابل اعتماد اور ذمہ دارانہ مصنوعی ذہانت کی تعیناتی کرنا؛ مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے افرادی قوت کو تیار کرنا؛ اور "the face of AI" کو جمہوری بنانا اور تبدیل کرنا۔

<u>گورنر Hochul کا اختراعی ایجنڈا</u>

گورنر Hochul اپنے اس عزم مصمم پر قائم ہیں کہ ریاست نیو یارک میں اختراعیت کو فروغ دیا جائے تاکہ بڑے آجروں کو اسکی جانب متوجہ کیا جا سکے اور 21 ویں صدی سے موافقت رکھنے والی بہتر تنخواہوں والی ملازمتیں تخلیق کی جا سکیں۔ اپنے مالی سال 2025 کے بجٹ کے ایک جزو کے طور پر، گورنر نے مقننہ کے ساتھ Empire AI قائم کرنے کے لیے ایک تاریخی معاہدہ کیا جو مصنوعی ذہانت کی تحقیق میں نیویارک کے مقام کو سب سے آگے رکھنے کے لیے اپنی نوعیت کا اولین کنسورشیم ہوگا۔ کنسورشیم یونیورسٹی ایٹ بفلو کے کیمپس میں مصنوعی ذہانت کا ایک جدید ترین کمپیوٹنگ سینٹر بنانے اور شروع کرنے کے لیے 275$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کا فائدہ اٹھائے گا۔ اس مرکز کو نیو یارک کے معروف ادارے ذمہ دارانہ تحقیق اور ترقی کو فروغ دینے، ملازمتیں پیدا کرنے، اور AI کو عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ترقی دینے کے لیے استعمال کریں گے۔ اس پراجیکٹ کو ریاست اور سات

بانی اداروں کی حمایت حاصل ہو گی – جن میں کولمبیا یونیورسٹی (Columbia University)، کارنیل یونیورسٹی (Cornell University)، نیو یارک یونیورسٹی (New York University)، رینسیلیئر پولی ٹیکنک انسٹی ٹیوٹ (Rensselaer Polytechnic Institute)، اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک (State University of New York)، سٹی یونیورسٹی آف نیویارک (City University of New York)، اور فلیٹیرون انسٹی ٹیوٹ (Flatiron Institute) کے علاوہ دیگر صنعتی رہنما بھی شامل ہیں۔

ماضی میں گورنر نے Green CHIPS نامی تاریخی قانون پر بھی دستخط کیے تھے تاکہ ریاست نیو یارک میں سیمی کنڈکٹر پر مبنی تحقیق، ترقی اور مصنوعہ سازی کے عمل کو فروغ دیا جا سکے اور انہوں نے NY CREATES کے Albany NanoTech Complex میں اگلی نسل کے چپس پر مبنی تحقیقی مرکز کے قیام کے لیے 10 $ بلین کی شراکت داری کا بھی اعلان کیا تھا۔ گورنر نے بائیو میڈیکل تحقیق میں اختراعی عمل کی حمایت میں علم الحیات کے اقداماتی سلسلے (Life Science Initiative) میں 620$ ملین پر مبنی رقم کی فراہمی کو جاری رکھا ہے۔ اور 113.7 $ ملین پر مبنی Battery-NY اقدام جیسی حکمت عملی پر مبنی سرمایہ کاریوں کے ذریعے، گورنر Hochul نے ریاست نیو یارک میں استحکام و لچکداری، سبز ٹیکنالوجی، اور توانائی کی اسٹوریج کے طریقوں کی ترقی میں خاطر خواہ اضافہ پیشرفتیں بھی کی ہیں۔

گورنر کے اختراعی ایجنڈا نے کئی اہم سرکاری اور نجی سرمایہ کاریوں کو متحرک کیا ہے، جس سے نیو یارک کی معیشت میں انقلاب رونما ہو رہا ہے اور مستقبل کے لیے زیادہ تنخواہوں کی حامل ملازمتیں تخلیق کی جا رہی ہیں۔ گلوبل فاؤنڈریز (GlobalFoundries) نے حالیہ طور پر 11.6 $ بلین کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے تاکہ نیو یارک کے دارالحکومتی علاقے میں اس کے چپ کے مصنوعہ ساز کیمپس کی توسیع عمل میں لائی جا سکے، جس کے نتیجے میں 1,500 براہ راست ملازمتیں اور ہزاروں ذیلی ملازمتیں تخلیق ہوں گی۔ 2022 میں، مائیکرون نے 100$ بلین پر مبنی 20 سالہ سرمایہ کاری کا اعلان کیا تھا تاکہ مرکزی نیو یارک میں ایک وسیع و عریض کیمپس قائم کیا جا سکے، جس سے 50,000 نئی براہ راست ملازمتیں اور ذیلی ملازمتیں تخلیق ہوں اور کمیونٹی کی مراعات میں سینکڑوں ملین ڈالرز کے مواقع کھلیں۔ گورنر کے علوم الحیات کے اقدام نے درج ذیل کے چناؤ کو یقینی بنانے کے لیے مدد کی، 300$ ملین پر مبنی چین زکربرگ بائیوہب نیو یارک (Chan Zuckerberg Biohub New York) کے لیے، نیو یارک شہر میں بائیومیڈیکل تحقیق کا مرکز قائم کرنے کے لیے، اور Schrödinger انکارپوریشن، ڈیئرفیلڈ ڈسکوری اینڈ ڈویلپمنٹ اور دیگر علوم الحیات کے کاروباری اداروں سے نمایاں سرمایہ کاریاں حاصل کرنے کے لیے۔ اس سال کے شروع میں، نیشنل سائنس فاؤنڈیشن (National Science Foundation) نے بھی بنگھیمٹن یونیورسٹی (Binghamton University) کے New Energy New York Storage Engine میں 160$ ملین کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا تھا تاکہ اختراع، ٹیکنالوجی کی ترجمانی، اور افرادی قوت کی ترقی کا ایک ایسا مرکز تعمیر کیا جائے جو ملک کی بیٹری کی صنعت کی پیداواری صلاحیت بڑھا سکے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں